ختم ماہ فروردی ۱۳۵۹ف پر کنٹرولر سیول سپلائیز کی حیثیت سے میرے تقرر کی بعد میں نے تنظیم محکمہ سیول سپلائیز کے سلسلہ میں ایک اسکیم پیش کرنے کی عزت حاصل کی۔ بلدہ حیدرآباد میں کام شروع کرنے کے لئے تین عہدہ داروں کی عارضی منظوری ماہ خورداد ۱۳۵۹ف میں عطا فرمائی گئی۔ ان عہدہ داروں کے ساتھ ماہ تیر ۱۳۵۹ف سے کام کا آغاز کیا گیا اور مختلف جرائم متذکرہ بالا کے ساتھ ساتھ بڑے ذخیروں کا پتہ چلانے کا مسئلہ بھی سرگرمی کے ساتھ اٹھایا گیا جس کا نتیجہ یہ تھا کہ مقدمات کے علاوہ اوّل ماہ امرداد ۱۳۵۹ف میں الکٹرک بلبس کے ایک کثیر ذخیرہ کا پتہ چلا لیا گیا۔ اس مقدمہ کا فیصلہ اس ماہ میں عدالت سے ہوکر نہ صرف ملزم پر پانچ سو روپیہ کا جرمانہ عائد کیا گیا بلکہ اس کثیر ذخیرہ الکٹرک بلبس جن کی قیمت تقریباً ایک لاکھ روپیہ کی ہوگی سرکار کے حق میں ضبطی کا حکم صادر فرمایا گیا۔ اسی رفتار کے ساتھ بائیسکل اور بائیسکل کے پرزوں کے ایک بڑے ذخیرہ کا پتہ چلایا گیا جس کی مالیت بھی تقریباً ایک لاکھ روپیہ کی ہوگی۔ یہ مقدمہ بھی عدالت میں پیش ہوچکا ہے۔ ایک اور ذخیرہ بندی کا مقدمہ بھی اس ضمن میں قابل ذکر ہے جس میں تقریباً متذکرہ بالا مالیت کی کٹلری، کراکری، الکٹرک بلبس، ہوزری کا سامان، پالش کی ڈبیاں وغیرہ کا پتہ چلایا جاکر ذخیرہ بندی کے تحت محکمہ سیول سپلائیز نے اس مال کو بھی سیل کیا ہے۔

ماہ آبان ۱۳۵۹ف تک صرف دو عہدہ داران کی امداد کے ساتھ محکمہ سیول سپلائیز دستور العمل کے خلاف ورزیوں و ذخیرہ کا پتہ چلاتا رہا۔ ماہ مہر ۱۳۵۹ف میں جو اسکیم زیر منظوری تھی اس کی منظوری بارگاہ خسروی سے صرف صدودِ بلدہ کی بنا پر شہر حیدرآباد کے لئے ۵ انسپکٹران سیول سپلائیز اور اضلاع کے لئے ۱۰ انسپکٹران اور ۵ اسسٹنٹ انسپکٹران کی منظوری عمل میں آئی۔ عہدہ داروں کے تقرر اور ٹریننگ کے بعد یہ عہدہ داران ختم ماہ آذر ۱۳۵۹ف مختلف اضلاع ممالک محروسہ سرکار عالی میں متعین کئے گئے۔ اس کے بعد مختلف احکام نگرانی اشیاء و کسٹمز کنٹرول آرڈر وغیرہ بھی محکمہ کے تفویض کئے گئے ہیں اور اس ضمن میں مزید ایک انسپکٹر اور پانچ اسسٹنٹ انسپکٹروں کی منظوری عطا فرمائی گئی ہے۔ اضلاع میں عہدہ داروں کی تعیناتی کے ساتھ ہی مقدمات سیول سپلائیز میں کافی اضافہ یک بیک ہوگیا۔ چنانچہ ختم ماہ آذر ۱۳۵۹ف پر جہاں (۸۲) مقدمات رجسٹر ہوئے تھے ختم ماہ دی ۱۳۵۹ف پر یعنی ایک ہی مہینہ میں ان کی تعداد تقریباً ڈیڑھ سو تک پہنچ گئی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آئندہ مہینوں میں ان مقدمات کی تعداد روز افزوں رہے گی اور محکمہ سیول سپلائیز کا کام وہ اہمیت اختیار کرے گا جو اس کو اس وقت برٹش انڈیا میں حاصل ہے۔ اب تک جن مقدمات میں سزا ہوئی ہے وہ صرف ۱۳۵۹ف میں سزا ہوئی ہے۔ اب تک جن مقدمات میں سزا ہوئی ہے وہ صرف ایسے مقدمات ہیں جن کا عدالت فوجداری بلدہ میں فیصلہ ہوا ہے۔ اب چونکہ گشتی ریاست کی رو سے مقدمات سیول سپلائیز قابل تحقیقات سرسری بلیکے میں ہر ماہ کافی مقدمات میں کامیابی حاصل ہونے کی توقع ہے۔

میرا یہ تقریباً بیان نامکمل رہے گا اگر ان چند امور کی جانب میں ایوان کی توجہ مبذول نہ کراؤں جو دستور العمل متذکرہ بالا کی کامیابی سے متعلق ہیں۔ جیسا کہ میں نے اس سے قبل عرض کیا ہے متذکرہ بالا احکام خریداروں اور صارفین کو سہولتیں بہم پہنچانے کی غرض سے اختیار کی گئی ہیں لیکن صارفین اور عوام کو جس حد تک ان سے ہوسکتا اور ان کے سیکڑوں سہولتوں سے مستفید ہونا چاہئے وہ مستفید نہیں ہورہے ہیں۔ ابتدائی نوبت کار پر بھی کوئی نفع اندوزی یا جنس مہیا دینے یا بیچنے سے انکار کرنے کی شکایتیں نہیں آئی تھیں اور اب بھی پبلک ایسی شکایتیں پیش کرنے میں زیادہ پیش قدمی نہیں کر رہی ہے۔ گو بتایا جاسکتا ہے کہ اس سال بلدہ حیدرآباد میں حالات ایسا فراہم ہو رہے ہیں۔ مجھے اس امر کا احساس ہے کہ بعض اشخاص جو متذکرہ بالا احکام سے ناواقف نہیں ہیں۔ تفتیش اور تحقیقات کی زحمتوں پر کشاکشی میں مبتلا ہونے کے خوف سے ایسی شکایات کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ جس حد تک ممکن ہوگا اس جانب سے شکایتیں زیادہ تعداد میں وصول ہوں گی وہاں عہدہ داروں کو مقدمات سے زیادہ واقف ہونا ہوگا ہوں گے اور محکمہ سیول سپلائیز کی جانب سے ایسے انضباطات عمل میں لانے کی کوشش کی جاسکتی جن کی بدولت مستفیدین دکانداروں اور مقدمات کی کشاکشی سے بچائے جاسکیں گے۔ بلدہ حیدرآباد اور اضلاع کی جانب بھی میں نے ایک دورہ کیا ہے خریداروں اور صارفین کی توجہ اس جانب خاص طور پر مبذول کرائی ہے اور دستور العمل انسداد نفع اندوزی و ذخیرہ بندی کا خاص طور پر مستفید ہونے کی غرض سے خریداروں اور صارفین کی کمیٹیاں بھی قائم کرنے کی جانب متوجہ دلائی ہے۔ اگر صارفین اپنے شہری فرائض ادا کرنے کی جانب متوجہ ہوجائیں تو مجھے یقین ہے کہ نفع اندوزی کا آنا فانا سدباب ہوجائے گا۔ لیکن جب تک معمولی شہری فرائض کی جانب توجہ نہ کی جائے تو نفع اندوزی و ذخیرہ بندی کو کوئی روک تھام نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ ایک کاروبار ہے۔ جب تک ایک شخص اپنی جائز شکایت پیش کرنے سے اجتناب کرتا ہے تو ممکن ہے کہ قبل اس کے کوئی دوسرا شخص بھی شکایت پیش کرنے کے لئے آمادہ ہوتا جو نفع اندوزی بلکہ ہزاروں آدمیوں کو لوٹ لے۔ بالفاظ دیگر ایسے نفع اندوزی کی امداد و حوصلہ افزائی خود خریداروں کی جانب سے ہوا کرے گی۔ ان حالات کے تحت مجھے قوی امید ہے کہ سیول سپلائیز کے کام میں پبلک آئندہ کافی دلچسپی لے گی اور اپنے حقوق کی حفاظت کرے گی۔ اس کا امکان ہے کہ جن مشکلات کا سامنا ابتدائی نوبت کار پر بلدہ حیدرآباد میں کرنا پڑا ان کا کچھ تجربہ بعض اضلاع میں بھی ہو۔ لیکن آپ صاحبین سے میں درخواست کرتا ہوں کہ اگر اس کام میں آپ صاحبین دلچسپی لیں تو محکمہ سیول سپلائیز ہمیشہ آپ کی خدمت کرنے کے لئے تیار رہے گا۔

محکمہ سیول سپلائیز کی جانب سے اب تک (۲۶) اشیاء کی قیمتوں کا اعلان ہوا ہے اور عنقریب سبزی اور اشیاء کی قیمتوں کا اعلان ہوگا۔ ان قیمتوں کے اعلان کرنے میں عام طور پر یہ اصول قرار پایا ہے کہ علاوہ ہیجنگ کی کنٹرول قیمتوں پر فی صد (۱۰–۱۰) منافع درآمد کنندہ (۵) محصول کروڑگیری کے اضافے کے ساتھ ریاست حیدرآباد کے کنٹرول قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔ جن اشیاء کی قیمتوں کا اعلان نہیں ہوا ہے ان کے بارے میں یہ اصول اختیار کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی شئے بیرون ملک سے درآمد کی ہوئی ہو تو اس کی قیمت بوقت درآمد بندرگاہ پر فیصد (۲۰) معیاری منافع یا ایسا معیاری منافع جو قبل از جنگ اس شئے کے لئے رائج ہو اضافہ کیا جاکر قیمت فروخت مقرر کی جاتی ہے اور دیگر ایسی شئے کی جو ملک ہی میں تیار ہوتی ہو تو اس کی قیمت پیدائش پر فیصد (۱۰) یا قبل از جنگ جو معیاری منافع رائج ہوا ہو اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ ان معیاری منافع کے ملاحظہ سے واضح ہوگا کہ اس دستور العمل کے تحت تجارت کو کوئی نقصان مرتب نہیں ہوتا ہے اور تاجروں کے ساتھ کسی قسم کی ناروا داری برتی جا رہی ہے۔

سلسلہ ملاحظہ ہو صفحہ (۹) پر

یادداشت خریدی حصص سنگارینی کالیریز

حیدرآباد دکن کمپنی کو عطا کردہ پٹہ و مراعات کے حصول کے اسباب

(۲)

۱۔ جالاک محروسہ سرکار عالی میں کوئلہ نکالنے کے لئے سنگارینی کالیریز کمپنی سے بہت وسیع رقبے پٹہ پر حاصل کئے ہیں جن میں ممالک محروسہ کے کوئلہ نکالنے والے بہترین خطے شامل ہیں۔ لیکن اس کمپنی کا کام مجموعی حیثیت سے صرف سنگارینی کی کالریز تک محدود ... حال ہی میں اس نے اپنی مشینیں کوتھاگوڈیم منتقل کی ہیں چنانچہ یہ محسوس کیا جانے لگا کہ کوئلہ کھودنے کی کمپنی ممالک محروسہ میں ان تمام رقبوں سے کوئلہ نکالنے کی کوشش نہیں کر رہی ہے جن کو پٹہ حاصل کر لیا ہے۔ لیکن پٹے کی شرائط کے مطابق کمپنی کو پٹے کا رقبہ کم کر دینے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا تھا۔

۲۔ حکومت ہند کے سابق صدر ناظم ارضیاتی پیمائش سر سیرل فاکس کے بیان کے مطابق گونڈوانا کی زمانی چٹانوں میں ... ملین ٹن کوئلہ موجود ہے اور کوئلے کے قابل کان کنی ذخیروں کا تخمینہ ... ملین ٹن ہے۔ اگر قابل کان کنی کوئلہ کی مقدار ... ملین ٹن قرار دے دی جائے اور یہ تسلیم کیا جائے کہ ۲۳ فی صد کی مقدار کوئلہ نکالا جاتا ہے تو قابل حصول کوئلہ کی مقدار ... ملین ٹن ہوتی ہے۔ چونکہ اس مقدار میں وارد یا اور پٹے کے رقبوں کا کوئلہ بھی شامل ہے اس لئے اگر اس خطے کی بابت ... فی صد مقدار علیحدہ کر دی جائے تب بھی تب حیدرآباد میں قابل حصول کوئلہ کا تخمینہ ... ملین ٹن ہوتا ہے۔ ممالک محروسہ میں ۱۸۸۶ء میں کوئلے کی کھدائی کا کام شروع ہوا اور اس وقت سے اب تک صرف ... ملین ٹن کے قریب کوئلہ نکالا گیا ہے۔ اس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ گذشتہ ۵۰ سال کے عرصہ میں کوئلہ نکالنے کا کام اتنا اطمینان بخش نہیں رہا جتنا کہ ہونا چاہئے اور سنگارینی کی کانوں کے متعلق جو بیان کیا گیا ہے کہ ان سے سنگارینی کالیریز کمپنی نے قابل حصول کوئلہ کا صرف ایک حصہ نکالا ہے۔

۳۔ کوئلے کی کھدائی اور صنعتوں کے لئے اس کی فراہمی پر حکومت کی نگرانی کے مفاد کی اہمیت کسی تشریح کی محتاج نہیں۔ ملک کی فلاح و بہبود کا انحصار صنعتوں کی ترقی اور کامیابی پر ہوتا ہے اور ممالک محروسہ میں ان کے لئے اہم قوت محرکہ کوئلہ ہی ہے۔ چنانچہ یہ ضروری ہے کہ ملک کی عام فلاح و بہبود کے پیش نظر حکومت کوئلے کی کھدائی سے دلچسپی لے اور اس کا خیال رکھے کہ کوئلہ کی کم سے کم مقدار ضائع ہو اور ملک کی کانوں کی زیادہ سے زیادہ مقدار میں کوئلہ حاصل کر کے اسے صنعتوں کے لئے مناسب طور پر تقسیم کرے۔ حیدرآباد کی ابھرتی ہوئی صنعتوں کی تنظیم کی تجاویز کے پیش نظر ایسا کرنا اور بھی ضروری ہے کیونکہ اس وقت نئی صنعتوں کا دارومدار زیادہ تر کوئلے کی فراہمی پر ہوگا۔

۴۔ جنگ کی وجہ سے قیمتیں بڑھ گئیں اور اجرتوں میں عام طور پر اضافہ ہو گیا۔ کانوں میں جو مزدور کام کرتے تھے انہیں کانوں کے باہر بھی کافی روزگار ملنے لگا اور وہ اچھی اجرت بھی پانے لگے اور اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کم ہو گئی۔ جب ہندوستان پر جاپانی حملہ کا خطرہ پیدا ہوا تو کانوں میں کام کرنے کے خطرات شدید تر ہو گئے اور اس کی وجہ سے کان کنوں کی بڑی تعداد نے کوئلے کی کانوں میں کام کرنا چھوڑ دیا۔ ان حالات کے بعد یہ ظاہر ہو گیا کہ کوئلے کی برآمدگی صرف اسی طرح برقرار رہ سکتی ہے کہ حکومت کوئلے کی کانوں پر حق نگرانی حاصل کرے اور اپنے اختیارات نظم و نسق سے کام لے کر کانوں میں کام کرنے کے واسطے مزدوروں کی فراہمی اور برقراری کے مختلف طریقے اختیار کرے۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو یہ اندیشہ تھا کہ کوئلے کی برآمدگی میں اور بھی کمی ہو جائے گی اور اس کی وجہ سے ملکی مساعی پر برا اثر پڑے گا۔ کوئلے سے متعلق حکومت ہند کے اسباب اقتدار بھی اس نقطۂ نظر سے متعلق تھے۔

۵۔ مذکورۂ بالا اسباب کی بنا پر یہ لازمی ہو گیا کہ حکومت سرکار عالی سنگارینی کالیریز کمپنی پر حق نگرانی حاصل کرے اور یہی ضروری تصور کیا گیا کہ اس اختیار کے حصول سے متعلق گفت و شنید کرتے وقت اگر ممکن ہو سکے تو یہ بھی انتظام کیا جائے کہ حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹیڈ کو ممالک محروسہ میں کوئلہ، سونا، ہیرا اور دوسری معدنیات کی کھدائی سے متعلق جو حقوق اور مراعات عطا کئے گئے ہیں وہ مناسب معاوضہ دے کر واپس لے لئے جائیں تاکہ ممالک محروسہ کی معدنی دولت عطیۂ المدنی المست مراعات کی پابندیوں سے آزاد ہو جائے کیونکہ بہ طرز کوئی حکومت بھی انہیں مناسب یا موزوں تصور نہیں کر سکتی۔

۳۔ مخالفت

۱۔ چونکہ حیدرآباد دکن کمپنی اصل کمپنی تھی اس لئے پہلے لندن کے مارکٹ میں اس کے حصص خریدنے پر غور کیا گیا۔ حیدرآباد دکن کمپنی کے حصہ کی قیمت تو ... پونڈ تھی لیکن اس کی آمدنی جو تقریباً سب کی سب سنگارینی کالیریز لمیٹیڈ میں اس کے حصے ہوتی تھی کی حصول کو بہت زیادہ بار عائد ہونے کی وجہ سے حصص کی قیمت گر کر دو پونڈ کے قریب رہ گئی تھی۔ پہلی نظر میں تو صورت حال بہت دلکش معلوم ہوتی لیکن جب حالات کا اچھی طرح مطالعہ کیا گیا تو یہ معلوم ہوا کہ اگر لندن کے مارکٹ میں حیدرآباد دکن کمپنی کے حصص کی خریداری شروع کی گئی تو ان کی قیمت بڑھ جائے گی اور کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس اضافے کی حد کیا ہوگی۔

۷۔ اس کے علاوہ تحقیقات سے یہ بھی پتہ چلا کہ مختلف لوگوں کے پاس حیدرآباد دکن کمپنی کے جو حصص ہیں ان سب کو خریدنا ممکن نہیں اور یہ کہ ظاہر تھا کہ حیدرآباد دکن کمپنی کے حصص کو ان کی کثرت سے خریدے بغیر اس کمپنی کو مسدود کرنا یا اس کی املاک کو اس کے قبضے سے نکالنا ممکن نہ ہو سکے گا۔ ایسا طرز کار اختیار کرنے میں بعض قانونی، مالی اور دستوری مشکلات بھی تھیں۔ مزید برآں خریداری کے اس طریقے سے ریاست حیدرآباد کو بطور منافع اس رقم کا نصف حصہ ملتا جو وہ اب سنگارینی کالیریز کمپنی کی حصہ داری کی حیثیت سے حاصل کرے گی۔ چنانچہ بہت غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ سنگارینی کالیریز کمپنی میں حیدرآباد دکن کمپنی کی املاک خریدلی جائے جس میں سنگارینی کالیریز کمپنی کے ... فیصد حصص شامل ہیں۔

۸۔ اس ضمن میں مستند تجارتی اداروں اور لندن اور ہندوستان کے مشہور دلالوں کے ذریعے بہت احتیاط کے ساتھ چھان بین کی گئی اور یہ قطعی طور پر معلوم کر لیا گیا کہ حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹیڈ کو اگر معقول قیمت پیش کی جائے تو وہ سنگارینی کالیریز کمپنی لمیٹیڈ کے معمولی حصص اور کفالتی تمسکات کی شکل میں اپنا کل اثاثہ فروخت کرنے پر آمادہ ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی قطعی طور پر معلوم کر لیا گیا کہ محصول آمدنی کی بلند شرح کی وجہ سے لندن کے حصہ داروں سے سنگارینی کالیریز لمیٹیڈ کے حصص ہندوستان کے حصہ داروں کے مقابلے میں زیادہ فائدہ بخش نرخ پر حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

۹۔ جن مالیاتی اداروں سے اس ضمن میں مشورہ طلب کیا گیا انہوں نے گذشتہ چند سال کے دوران میں کمپنی کی مالی حالت کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ مشورہ دیا کہ اگر حکومت سرکار عالی حصص خریدنے کا فیصلہ کرے تو حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹیڈ کو پہلے ۱۱ روپے فی حصہ پیش کئے جائیں اور اگر ضرورت ہو تو یہ پیش کش ۲۰ روپے فی حصہ تک بڑھا دی جائے کیونکہ اس وقت ہندوستانی مارکٹ میں اس کی قیمت ۲۰ روپے فی حصہ کے قریب تھی۔

۱۰۔ باب حکومت سرکار عالی نے اس مسئلہ پر غور کیا اور باب حکومت کی سفارش پر اعلیٰ حضرت بندگان عالی نے حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹیڈ کے مقبوضہ سنگارینی کالیریز کمپنی لمیٹیڈ کے حصص اور کفالتی تمسکات کی خریدی کے لئے گفت و شنید کرنے کی اجازت عطا فرمائی۔ چنانچہ کمپنی کی مجلس نظماء کو حکومت کے نمائندے مسٹر ... حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹیڈ کے اثاثوں کے حصص ... کفالتی تمسکات کی خریداری کے متعلق گفت و شنید کرنے کا مجاز قرار دیا گیا۔

(۱۱) چنانچہ ۱۹۴۰ء میں یہ تجویز پیش کرتے وقت یہ سفارش بھی کی گئی کہ حکومت کی ہدایات کے مطابق یہ کارروائی انجام دینے کے لئے نواب میر نواز جنگ بہادر معتمد مالیات کو بحیثیت والی جہاز لندن روانہ کیا جائے اور میر لائق علی صاحب ناظم والی حیدرآباد دکن کمپنی کو جو ہندوستان کے [illegible] کی حیثیت سے لندن جانا چاہتے تھے ان مباحث کی انجام دہی میں شریک کیا جائے لیکن چونکہ معتمد صاحب مالیات کے لئے بروقت جانا دشوار تھا، بروقت جگہ حاصل نہ کی جا سکی اور کمپنی کی روانگی میں بھی تاخیر ہوگئی اس لئے یہ دونوں صاحبان لندن روانہ نہ ہو سکے۔ تاہم میر لائق علی صاحب اور نواب میر نواز جنگ بہادر اس معاملت سے متعلق گفت و شنید کے تمام مراحل میں شریک رہے۔

(۱۲) بہت طویل گفت و شنید کے بعد آخرکار حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹڈ سے معاملت طے ہوا اور اب حکومت کی سفارش اور حضرت بندگان اقدس کی منظوری سے حسب ذیل حصص و تمسکات کی خریداری کا معاہدہ کیا گیا۔

(۱) حیدرآباد دکن کمپنی لمیٹڈ کے مقبوضہ سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ کے ۱۰ روپے کلدار قیمت اسمیہ والے [illegible] حصص بحساب [illegible] روپے کلدار فی حصہ۔

(۲) حیدرآباد دکن کمپنی کے مقبوضہ سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ کے سو سو روپے کلدار کے چھ فیصد والے [illegible] کفالتی تمسکات بشمول مجتمع شدہ سود بابت [illegible] پاؤنڈ۔

(۱۳) گفت و شنید کے آخری مراحل میں حیدرآباد دکن کمپنی نے [illegible] پونڈ کے عوض مالکانہ حقوق دوسری کالریز سے متعلق اپنے تمام حقوق اور مراعات سے بحق سرکار عالی دست برداری پر بھی آمادگی ظاہر کی۔ جن جن ساتھی کی [illegible] کو پٹہ [illegible] کے تحت [illegible] نمبروں کی [illegible]

(۱۴) حکومت سرکار عالی کے مشیر قانونی نے اس معاملت سے متعلق دستی نامہ بغرض بیع مرتب کیا اور اس دستی نامہ کے مطابق [illegible] دسمبر ۱۹۴۰ء کو طے شدہ رقم کے عوض حصص کفالتی تمسکات اور دوسرے حقوق اور مراعات وغیرہ حاصل کر لئے گئے۔ ان حصص اور کفالتی تمسکات وغیرہ کو حکومت سرکار عالی کے نام رجسٹری کرانے کی کارروائی [illegible] ہے۔

(۱۵) اس تفصیل سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ یہ معاملہ کمپنی کی مالی حالت کا اچھی طرح مطالعہ کرنے کے بعد اور مشہور مالیاتی اداروں اور لندن و ہندوستان کے مشہور وکلاء، انگلستان میں اپنے قانونی مشیروں اور کمپنی کی مجلس نظماء [illegible] سے مشورہ لینے کے بعد طے کیا گیا ہے۔ جب حکومت سرکار عالی نے اس معاملت کے مختلف مراحل میں ہر پہلو پر غور کیا اور حضرت بندگان اقدس نے اسے شرف منظوری عطا فرمایا۔ حکومت سرکار عالی نے سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ کے معمولی حصص ایسے وقت خریدے جب ہندوستان کے مارکیٹ میں ان کے نرخ تقریباً ۳ روپے [illegible] آنے فی حصہ [illegible] حاصل کئے ہیں۔ سابق چند ماہ میں ان حصص کی قیمت بہت بڑھی ہوئی تھی۔ [illegible]

چونکہ حکومت سرکار عالی کے پاس حیدرآباد دکن کمپنی کے [illegible] حصص ہیں اس لئے کمپنی کو مسدود کرتے وقت حکومت کو ان حصص کی قیمت اسی شرح سے ملے گی جو کمپنی اپنی تحلیل کے وقت اپنے حصہ داروں کو ادا کرے گی۔

(۱۶) دلچسپی کے لئے یہاں اس واقعہ کا اظہار بھی بے مناسب نہیں کہ جب یہ گفت و شنید ہو رہی تھی تو کلکتہ کے بعض مالیاتی اعتبار سے بااثر حلقے حیدرآباد دکن کمپنی سے سنگارینی کے حصص کی خرید سے بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کر رہے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہندوستانی [illegible] ہمارا مقابلہ کرنے پر تیار ہیں۔ لیکن یہ معاملت اتنی خوش اسلوبی سے کی گئی کہ یہ صورت پیدا نہیں ہوئی۔ (باقی)

مصر کے انتخابات

وزیر اعظم کی نشری تقریر

قاہرہ [illegible] دسمبر — مصری پارلیمنٹ کے آیندہ انتخابات کے سلسلہ میں جس وزارتی بحران کی افواہ گشت کر رہی تھی مصر کے وزیر اعظم احمد ماہر پاشا نے اس کی تردید کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ وہ تمام پارٹیاں جن کے اشتراک سے موجودہ حکومت قائم ہوئی ہے۔ آپس میں متحد ہیں۔ اب تک کل ۱۳۵ امیدوار جن میں چند وزراء بھی ہیں بلا مقابلہ پارلیمنٹ کے ممبر منتخب ہو چکے ہیں۔ ان میں سے ۴۴ سعدی پارٹی کے نمائندے ہیں۔ ۴۰ لبرل، ۱۳ منفرد نیشنلسٹ اور ایک [illegible] وفد بلاک کا نمائندہ ہے۔ جو وزراء منتخب ہو چکے ہیں ان میں احمد ماہر پاشا بھی ہیں۔ امیدواروں کی فہرست مکمل ہونے کے بعد اب انتخابات [illegible] ہیں اور ابتدائی وزیر اعظم نے اپنی ایک نشری تقریر کے [illegible] پارلیمنٹ کی تاریخ میں پہلی دفعہ بہت سے امیدوار انتخابی ٹکٹ پر کثرت سے ہوئے ہیں۔ [illegible] ۲۶۴ نشستوں کے لئے [illegible] ۹۰۰ امیدوار ہیں جیسا کہ پہلے اطلاع دی جا چکی ہے وفد پارٹی انتخابات میں حصہ نہیں لے رہی ہے۔

یونینسٹ وزارت بے نقاب

سلسلہ مضمون صفحہ (۵)

وصول کرے اور تمام مسائل پر ایک رائے کا اظہار کریں انہوں نے فرقہ شاہی کے دم چھلے یونینسٹوں کے خلاف اپنے مشترکہ مسائل کے لئے متحد ہو کر جدوجہد کی [illegible] اور خضر حیات لیگ اور کانگریس کو ایک دوسرے کا مخالف بنا کر اپنا [illegible] کرنے کی لاکھ کوشش کریں لیکن انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ [illegible] عوام کی [illegible] کے مقابلے میں

کانگریس اور لیگی ممبران وطن ایک دوسرے سے قریب تر ہو گیا۔

قومی حکومت کا جدید تصور

بقیہ سلسلہ صفحہ اول

قانون دانوں کی جو کمیٹی یہ کام انجام دے گی اگر وہ اپنی رائے [illegible] پیش کریں۔ اگر وہ اس بنیاد پر تقسیم کے مسئلہ پر بحث کریں تو ان کی کوششوں کی اہمیت [illegible]

شہری رسدات

سلسلہ مضمون صفحہ (۱)

اگر حقیقۃً تاجران سے کوئی توقع کی جا سکتی ہے تو وہ صرف یہی ہو سکتی ہے کہ وہ نامناسب نفع اندوزی کی ذہنیت سے [illegible] اس لحاظ سے مجھے قوی امید ہے کہ تاجران [illegible] ہوں گے اور حکومت کی جانب سے نافذ [illegible] تدابیر [illegible] مکمل طور پر تعاون عمل فرمائیں گے۔ قبل اس کے کہ میں اس مختصر بیان کو ختم کروں سول سپلائیز کے کنٹرول کو کامیاب بنانے کی جانب خاص طور سے توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کیونکہ جب تک اس کنٹرول کو مکمل طور پر کامیاب نہ بنایا جائے گا غذائی اجناس کی کنٹرول وغیرہ اصلی مقاصد میں تکمیل نہیں پا سکیں گے۔ کیونکہ ان کنٹرول کا ایک دوسرے کے ساتھ گہرا تعلق ہے اگر کسان اپنی زرعی پیداوار سے حاصل کئے ہوئے زر نقد سے اپنی تمام ضروریات زندگی خرید نہ سکے تو لازماً اس کا اثر اجناس غذائی کے کنٹرول پر مترتب ہوگا۔ اس لئے یہ امر لازمی ہے کہ خریدار کو بہتر [illegible] بلا نفع اندوزی و ذخیرہ بندی کا پورا استفادہ حاصل ہو۔

رابطہ تالیف و ترجمہ

حیدرآباد ۱۵ر بہمن۔ گذشتہ جمعہ کو بعد نماز مغرب مولوی خواجہ محمد احمد صاحب مددگار ناظم آثار قدیمہ کے مکان واقع لال ٹکری پر رابطہ تالیف و ترجمہ کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں شائقین عربی کافی تعداد میں شریک تھے۔ ابتداء میں استاد عربی جیلان کے نونہالوں نے عربی ترانہ اور عربی مکالمے سے حاضرین کو محظوظ کیا ایک لڑکے سے جس نے چند ماہ قبل عربی شروع کی ہے۔ معتمد صاحب نے عربی میں سوالات کئے جس کے تشفی بخش جوابات بلکہ حاضرین کو یقین ہوگیا کہ صحیح طریقہ تدریس سے کتنی جلدی عربی سیکھی اور بولی جاسکتی ہے۔

اس کے بعد معتمد صاحب نے "فلسفہ تربیت" پر ایک جامع تقریر کی دوران تقریر میں آپ نے کہا کہ زندہ قومیں اصول تربیت کا خاص خیال رکھتی ہیں۔ اور بچپن ہی سے بچوں کو اپنی ثقافت اور تعلیم سے مالا مال کردیتی ہیں اور ابتدائی دور ہی میں خارجی اثرات سے انھیں محفوظ رکھنے کی حسب ضرورت جتن کرتی ہیں کیونکہ بچہ کا ذہن سفید کاغذ کے مانند ہوتا ہے۔ اس لئے ذہن پہلی کتاب اس پر غالب رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عیسائی مشن بچوں کی طرف خاص توجہ کرتے ہیں۔ اور انھیں اس میں بڑی کامیابی حاصل ہوتی ہے معتمد صاحب کی تقریر کے بعد مولوی عبداللہ رشید صاحب نے "تربیت" کے متعلق اپنے تعلیمی تجارب بیان کرتے ہوئے کہا کہ عربی پڑھانے والے میزان و منشعب جیسی کتابوں سے مبتدیوں کو شروع کراتے ہیں۔ جس سے انھیں ایک لازماً ایک تیسری زبان فارسی بھی جاننی پڑتی ہے اور طلباء ایک نئی کشمکش میں مبتلا ہوکر عربی کو مشکل جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور اس غلط طریقے سے عربی کی نشر و اشاعت کبھی نہیں ہوسکتی۔"

اس کے بعد لطیفہ بازی کا دور شروع ہوا۔ معتمد صاحب ڈاکٹر خورشید حسین صاحب اور حکیم محمد حبیب اللہ صاحب اور قدیر اللہ صاحب نے دلچسپ لطائف سنائے۔

آئندہ جلسہ حکیم مولوی حبیب اللہ صاحب کے مکان واقع افضل گنج متصل رہبر دکن بعد مغرب منعقد ہوگا۔ معتمد صاحب شائقین عربی سے مستدعی ہیں کہ جلسہ میں شریک ہوکر عربی کی نشر و اشاعت میں ممد و معاون ہوں۔

جنگ قریب الختم نہیں ہے

لندن ۲۴ر دسمبر۔ اس میں شک نہیں کہ جرمنوں کے نئے جارحانہ اقدام کا پہلا سرکاری رد عمل یہ ہوا کہ اگلی صف کے فوجی لا کر سپاہ کو طلب کیا گیا ہے جس سے اس سیاسی رجائیت کا خاتمہ ہوگیا کہ جنگ اپنے آخری ہفتہ میں داخل ہورہی ہے کیا جاتا ہے کہ متذکرہ فیصلہ ممالک متحدہ امریکہ کے فوجی حکام سے اور سے کے بعد کیا گیا۔ باخبر حلقوں میں بتایا جاتا ہے کہ فیلڈ مارشل مانٹگمری نے جو پہلی امریکی فوج کا معائنہ کرچکے ہیں اپنی رپورٹ راست جنگی کابینہ کے سامنے پیش کردی اور ان کے خیالات کی بنا پر جنگ کی ختم کی کرسمس سے پہلے ایک دن متذکرہ فیصلہ کیا گیا ہے اس قریب خیال کی بیخ کنی ہوگئی کہ جنگ قریب ختم ہے۔

لڑنے والے سپاہ کے عصری معیار کے مطابق لڑائی لڑنے والے سپاہ کے اضافہ سے تقریباً بیس نئی ڈویژنیں بنائی جائیں گی۔ جس میں علاوہ سے نئی سپاہ حاصل کی جائے گی۔ وجہ ظاہر ہے۔ اس لئے فوج کے نئے آدمی ان اسلحہ سازی کے کارخانوں اور صنعتوں سے لئے جائیں گے۔ جن میں آدمی ضرورت سے زائد ہیں۔

نئی لڑنے والی یونٹوں کو سرما میں ابتدائی تربیت دی جائیگی وہ بہار میں تازہ فوج کا کام دینگے (اے پی)

روسی اخبارات کا ایران کے شاہی خاندان پر جانبداری کا الزام

ماسکو ۲۵ر دسمبر۔ رائٹر کا خاص نامہ نگار روسی اطلاعات سے مطلع کرتا ہے کہ اخبار جنگ اور مزدور نے تیل کے مراعات کے مسئلہ پر ایک مضمون قلمبند کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایران کے غیر اداروں اور حکمران طبقے نے روسی حکومت کے ساتھ امتیازی برتاؤ کرنا شروع کردیا ہے۔ روسی اخبار لکھتا ہے کہ سابقہ جنگ عظیم کے اختتام پر رائل ڈچ کمپنی کے نمائندے طہران میں آئے اور تیل کے متعلق گفت و شنید شروع کردی اس طرح ۱۹۴۳ء کے شروع میں اسٹینڈرڈ آئیل کمپنی اور سینکلر کے نمائندے طہران میں آئے اور گفت و شنید شروع کردی تھی اب امریکی اور برطانوی اخبارات وغیرہ ایرانی تیل کی تاریخ دیتے ہوئے بتاتے ہیں کہ روس نے لندن اور واشنگٹن کے مشورہ کے بغیر طہران میں تیل کی کارروائیاں شروع کردیں۔ ورنہ صورت یہ ہے کہ ڈچ، برطانوی امریکی کمپنیوں نے جن کی نمائندگان ممالک کے سفیروں نے کی جو طہران میں متعین تھے۔ نیز گفت و شنید روس کے علم کے بغیر ہوئی روس نے قانونی تجویز جو تہران میں پیش کی ہیں جن کی تنسیخ یا تجویز کے لئے جو تحریکیں کی گئی ہیں وہ ہرگز حق بجانب نہیں ہیں۔ ایران نے جو کچھ کیا ہے روس کی ضد میں کیا ہے۔ خصوصاً حکمران طبقہ ایران جیسے محبت پسند ملک کو نقصان پہنچانے کا سامان کررہے ہیں۔

لڑائی کا پانسہ پلٹ چکا

پریسیڈنٹ روزولٹ کی کرسمس کی نشری تقریر

واشنگٹن ۲۴ر دسمبر۔ پریسیڈنٹ روزولٹ نے کرسمس کی ایک نشری تقریر میں ممالک متحدہ امریکہ کے عوام اور امریکی فوجیوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا "لڑائی کا پانسہ پلٹ گیا ہے۔ آہستہ لیکن فیصلہ کن طریقہ پر ان لوگوں کی تباہی کا سامان ہوچکا ہے۔ جو تہذیب و ثقافت کو تباہ کرنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔

پریسیڈنٹ روزولٹ نے کہا کہ وہ اس کی پیش قیاسی تو نہیں کرسکتے کہ جنگ کب ختم ہوگی۔ غنیم کے پاس اب بھی کافی انسانی قوت اور فوجی طاقت موجود ہے لیکن خود غنیم کو اب یہ معلوم ہوچکا ہے کہ اس کی تباہی کا وقت آپہنچا ہے۔

پریسیڈنٹ روزولٹ نے یہ کہتے ہوئے اپنی تقریر ختم کی کہ اگر ہم اپنے فرائض کی ادائیگی میں اپنے حصہ کی جانب جلد توجہ کریں تو وہ دن بہت جلد آسکتا ہے جب کہ غنیم کا پوری طرح قلع قمع کردیا جائے۔

مغربی محاذ پر جنگ کا رخ بدل گیا

اتحادی ہوا کے درخشاں کارنامے

لندن ۲۵ر دسمبر۔ مغربی محاذ پر اب جنگ کا رخ بدل گیا ہے جیسا کہ توقع کی جاتی ہے کہ اتحادی ہوائیہ نے اس تبدیلی کو لانے میں بہت بڑا حصہ لیا۔

جب سے کہ جرمنوں نے اپنا جارحانہ حملہ شروع کیا ہے اس وقت سے لیکر اب تک کسی وقت کے مقابل میں بھی کل شب میں بری جنگ کی صورت حال بہتر رہی۔ موسم بالکل صاف تھا اور اتحادیوں کے طیاروں نے جن میں بہت سے جاری تھے تقریباً ۱۰۰۰۰ پرواز کئے کل امریکی ہوائیہ نے (۳۰۰۰) طیارے روانہ کئے (۱۰۰۰) لڑاکو اور بمبار طیاروں کے ساتھ تقریباً (۲۰۰۰) جس کی مسافت کی گئی شاہی ہوائیہ بھی ان میں اور رات میں بھی پورے زور کے ساتھ کام کرتا رہا ہمارے ہوائی حملوں کے نشانے جرمنوں کے (۱۱) ہوائی مستقر اور فرانکفورٹ اور دیگر مقامات کی طیارہ گاہیں بھی ہوئی تھیں۔

کل نفٹ وافے نے بھی پوری زور کے ساتھ کام کیا اور بہت سے ہوائی لڑائیوں کی اطلاع وصول ہوئی ہے ابتدائی روک تھام کی کارروائی سے یہ پایا جاتا ہے کہ کم از کم (۱۰۰) جرمن طیارے مار گرادیئے گئے۔

اتحادی افواج بلجیم اور لکسمبرگ کے دو نمایاں مقامات کے خلاف اپنی قوت جمع کررہی ہیں اور جرمنوں کو روک دیا گیا ہے۔ اور دونوں بازوؤں پر دشمن زبردست نقصانات اٹھارہا ہے جس کو خود جرمنوں نے تسلیم کرلیا ہے۔ (رائٹر)

اعلان

مورخہ ۷ مہر بہمن ۱۳۵۵ ف

نشان (۷۰)

محکمہ صدر ناظم و معتمد سرکار عالی صیغہ رسد

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر باب حکومت سرکار عالی

بہ نفاذ ان اختیارات کے جو حسب فقرہ ۲ (۲) (ب) قواعد تحفظ ممالک محروسہ سرکار عالی بابتہ ۱۳۵۲ ف و فقرہ (۲) محکم نگرانی اجناس خوردنی بابتہ ۱۳۵۳ ف صدر اعظم بہادر باجلاس باب حکومت کو حاصل ہیں، اعلان محکمہ رسد نشان (۲۲) واقع ۲۷ اردی بہشت ۱۳۵۳ ف میں حسب ذیل ترمیم کی جاتی ہے

(۱) اعلان مذکورہ کے فقرہ ۲ کے ذیلی فقرات (۱) و (۲) اور (۳) میں جہاں کہیں لفظ "چاول" استعمال ہوا ہے اس کے بعد الفاظ "یا دھان" اضافہ کئے جائیں۔

(۲) ضمیمہ ب منسلکہ اعلان مذکور کو حذف کرکے اس کے بجائے حسب ذیل ضمیمہ ب قائم کیا جائے۔

منجانب صدر ناظم و معتمد رسد

ضمیمہ (ب) فہرست ابتدائی بازارات چاول و دھان — دیکھو فقرہ (۲)

نمبر شمار	نام ضلع	نام ابتدائی بازارات	انتہائی قیمت فی پلہ وزنی ۱۲۰ سیر — موٹا — چاول	موٹا — دھان	کیجڑی — چاول	کیجڑی — دھان
۱	میدک	(۱) میدک	۳۲-۰-۰	۲۱-۰-۰	۳۶-۸-۰	۲۴-۴-۰
		(۲) اندول	۳۲-۰-۰	۲۱-۰-۰	۳۶-۰-۰	۲۳-۱۲-۰
		(۳) سدی پیٹھ	۳۱-۰-۰	۲۰-۴-۰	۳۶-۰-۰	۲۳-۱۲-۰
		(۴) یلا ریڈی	۳۳-۰-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۶-۸-۰	۲۳-۱۲-۰
		(۵) کلیکور	۳۲-۸-۰	۲۱-۰-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۴-۰
۲	محبوب نگر	(۱) محبوب نگر	۳۲-۰-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۸-۸-۰	۲۵-۰-۰
		(۲) ناگر کرنول	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۸-۸-۰	۲۴-۴-۰
		(۳) مکتل	۳۱-۰-۰	۲۰-۴-۰	۳۶-۰-۰	۲۵-۰-۰
		(۴) پرگی	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۵) سمستان ونپرتی	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۶) " امرچنتہ	۳۰-۸-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۶-۸-۰	۲۴-۴-۰
		(۷) " جٹپرول	۳۱-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۸) " گدوال	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۹) شاد نگر	۳۲-۰-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۶-۸-۰	۲۴-۴-۰
		(۱۰) نارائن پیٹھ	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۱-۰	۳۷-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۱۱) بادے پلی	۳۲-۰-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۶-۸-۰	۲۴-۴-۰
۳	نلگنڈہ	(۱) نلگنڈہ	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۸-۰	۲۳-۱۲-۰
		(۲) جنگاؤں	۳۲-۰-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۶-۸-۰	۲۵-۰-۰
		(۳) سوریا پیٹھ	۳۰-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۸-۰	۲۳-۴-۰
		(۴) بھونگیر	۳۲-۸-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۶-۸-۰	۲۴-۴-۰
		(۵) حضور نگر	۳۲-۰-۰	۲۱-۰-۰	۳۶-۰-۰	۲۳-۱۲-۰
		(۶) مریال گوڑہ	۲۹-۸-۰	۱۹-۰-۰	۳۶-۰-۰	۲۳-۴-۰
		(۷) دیورکنڈہ	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۸-۰	۲۳-۱۲-۰
۴	نظام آباد	(۱) نظام آباد	۳۱-۸-۰	۲۰-۴-۰	۳۶-۸-۰	۲۴-۰-۰
		(۲) آرمور	۳۰-۴-۰	۱۹-۴-۰	۳۵-۱۲-۰	۲۳-۸-۰
		(۳) کاماریڈی	۳۱-۸-۰	۲۰-۴-۰	۳۶-۴-۰	۲۴-۰-۰
		(۴) بانسواڑہ	۳۰-۱۲-۰	۱۹-۸-۰	۳۵-۱۲-۰	۲۳-۴-۰
		(۵) بودھن	۳۱-۴-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۴-۰	۲۳-۱۲-۰
۵	کریم نگر	(۱) کریم نگر	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۸-۰	۲۳-۰-۰
		(۲) جگتیال	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۸-۰	۲۳-۰-۰
		(۳) حضور آباد	۳۱-۸-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۸-۰	۲۳-۰-۰
		(۴) مادھاپور	۲۹-۰-۰	۱۹-۰-۰	۳۴-۰-۰	۲۳-۴-۰
		(۵) پرکال	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۰-۰	۲۳-۱۲-۰
		(۶) سرسلہ	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۸-۰	۲۳-۰-۰
		(۷) سلطان آباد	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۰-۰	۲۳-۰-۰

نمبر شمار	نام ضلع	نام ابتدائی بازارات	انتہائی قیمت فی پلہ وزنی ۸۰ سیر — موٹا — چاول	موٹا — دھان	کیجڑی — چاول	کیجڑی — دھان
	کریم نگر	(۸) پداپلی	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۰-۰	۲۳-۰-۰
		(۹) کورٹلہ	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۸-۰	۲۳-۰-۰
		(۱۰) منتھنی	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۸-۰	۲۳-۰-۰
		(۱۱) جمی کنٹہ	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۸-۰	۲۳-۰-۰
۶	عادل آباد	(۱) نرمل	۲۹-۰-۰	۱۸-۱۲-۰	۳۲-۰-۰	۲۱-۰-۰
		(۲) لکسیٹی پیٹھ	۳۰-۰-۰	۱۹-۴-۰	۳۳-۰-۰	۲۲-۰-۰
		(۳) چنور	۲۹-۰-۰	۱۹-۰-۰	۳۳-۰-۰	۲۱-۱۲-۰
		(۴) [illegible]	۲۸-۰-۰	۱۸-۰-۰	۳۲-۰-۰	۲۰-۰-۰
۷	رائچور	(۱) گنگاوتی	۲۹-۰-۰	۱۸-۱۲-۰	۳۵-۰-۰	۲۲-۱۲-۰
		(۲) سالار پور	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۵-۰-۰	۲۲-۱۲-۰
		(۳) کپل	۲۹-۸-۰	۱۹-۰-۰	۳۴-۰-۰	۲۲-۰-۰
۸	گلبرگہ	(۱) کوڑنگل	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۵-۰-۰	۲۲-۱۲-۰
		(۲) یادگیر	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۵-۰-۰	۲۲-۴-۰
		(۳) [illegible]	۳۰-۰-۰	۱۹-۴-۰	۳۴-۸-۰	۲۲-۴-۰
۹	ناندیڑ	(۱) [illegible]	۳۰-۰-۰	۱۹-۴-۰	۳۵-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۲) بلولی	۳۰-۰-۰	۱۹-۴-۰	۳۳-۰-۰	۲۲-۴-۰
		(۳) دیگلور	۲۹-۰-۰	۱۸-۱۲-۰	۳۳-۰-۰	۲۱-۴-۰
۱۰	اطراف بلدہ	تمام بازارات	۳۴-۰-۰	۲۱-۰-۰	۳۷-۰-۰	۲۳-۴-۰
۱۱	باغات	تمام بازارات	۳۴-۰-۰	۲۱-۰-۰	۳۸-۰-۰	۲۴-۴-۰
۱۲	ورنگل	(۱) ورنگل	۳۲-۰-۰	۲۰-۱۲-۰	۳۰-۰-۰	۲۵-۰-۰
		(۲) کھمم	۳۱-۰-۰	۲۰-۴-۰	۳۰-۰-۰	۲۵-۰-۰
		(۳) محبوب آباد	۳۱-۰-۰	۲۰-۴-۰	۳۸-۰-۰	۲۵-۰-۰
		(۴) مدیرہ	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۰-۰-۰	۲۵-۰-۰
		(۵) [illegible]	۳۰-۰-۰	۱۹-۴-۰	۳۰-۰-۰	۲۴-۰-۰
		(۶) [illegible]	۳۰-۰-۰	۱۹-۴-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۰-۰
		(۷) ییلندہ	۳۰-۰-۰	۱۹-۱۲-۰	۳۰-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۸) [illegible]	۳۱-۰-۰	۲۱-۰-۰	۳۰-۸-۰	۲۵-۰-۰
		(۹) [illegible]	۳۱-۰-۰	۲۰-۰-۰	۳۶-۰-۰	۲۴-۴-۰
		(۱۰) پالونچہ	۳۱-۴-۰	۲۰-۰-۰	۳۰-۰-۰	۲۴-۴-۰